رہبر معظم کا شہید آیت اللہ سعیدی کی ہمسر کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 5 /Sep/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے ایک پیغام میں شہید آیت اللہ سعیدی کی ہمسر اور قم کے امام جمعہ حجۃ الاسلام والمسلمین سید محمد سعیدی کی والدہ کے انتقال پر تعزیت پیش کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حجۃ الاسلام جناب آقای حاج سید محمد سعیدی دامت توفیقاتہ

جنابعالی کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر آپ کو ، آپ کے محترم برادران اور بیت شہید آیت اللہ سعیدی ، اسی طرح حضرات طباطبائی اور تمام پسماندگان کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحومہ کے لئے رحمت و مغفرتاور رضوان الہی اور داغدار خاندان کے لئے صبر جمیل طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

13 شہریور/ 1392